**08.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ کلیم احمد

-------------------------------

**Music**

☆ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے دنیا میں بھارت کے تیسری سب سے بڑی معیشت بننے سے پہلے خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر محنت کش طبقے میں اور زیادہ خواتین کی شمولیت پر زور دیا ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نے کہا ہے کہ اُن کی حکومت نے خود کو خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے وقف کررکھا ہے۔ آج خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر انہوں نے گجرات میں نوساری میں لکھپتی دیدی سمیلن کے دوران 25 ہزار سے زیادہ اپنی مدد آپ کرو'' گروپوں کی ڈھائی لاکھ سے زیادہ خواتین کو 450 کروڑ روپے تقسیم کیے۔

☆ اگلے پانچ سال کے دوران طبی تعلیم کیلئے 75 ہزار نئی سیٹوں کا اضافہ کیا جائے گا۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے شمالی آئرلینڈ میں Belfast میں بھارت کے قونصل خانے کا افتتاح کیا ہے۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کنیڈا کو، اُس کی ڈیری مصنوعات اور عمارتی لکڑی پر نیا محصول لگانے کی دھمکی دی ہے۔

☆ آج شام لکھنؤ میں خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں دفاعی چمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو کا مقابلہ یوپی واریئرس سے ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**President Conference Women Day**

خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر آج نئی دلّی میں دن بھر طویل ''ناری شکتی سے وِکست بھارت'' کے موضوع پر قومی کانفرنس شروع ہوئی، جس کی صدارت ، صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کررہی ہیں۔ اس موقع پر صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ خواتین کی دین اور کاوشوں کی عزت افزائی کیلئے خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن مردوں اور خواتین کے درمیان مساوات کو بڑھاوا دینے کیلئے خود کو وقف کردینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے دنیا میں بھارت کے تیسری سب سے بڑی معیشت بننے سے پہلے خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر محنت کش طبقے میں اور زیادہ خواتین کی شمولیت پر زور دیا ہے۔ قومی سطح کی اِس کانفرنس کے بعد تین تکنیکی اجلاس بھی ہوں گے۔ خواتین اور بچوں کی فلاح و بہبود کی وزیرِمملکت اَنّا پورنا دیوی بھی اس تقریب میں موجود ہیں۔x

## International Womens Day-Prez-PM

آج دنیا بھر میں خواتین کا بین الاقوامی دن منایا جا رہا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر عوام کو مبارک باد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ خواتین کا بین الاقوامی دن، خواتین کی حصولیابیوں اور ملک اور معاشرے کے تئیں ان کے منفرد تعاون کا اعتراف کرنے کا موقع ہے۔ محترمہ مرمو نے ملک کے عوام پر زور دیا کہ وہ خواتین کے سفر میں ان کی معاونت کا عزم کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی محروم نہ رہ پائے۔

اپنے پیغام میں، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ خواتین، معاشرے کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، جو اپنے لچکدار رویئے، لگن اور قیادت سے کایا پلٹ کردینے والی تبدیلی لاتی ہیں۔ خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نریندر مودی نے ملک کی خواتین کے سامنے سرِتسلیم خم کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ حکومت نے اپنی مختلف اسکیموں اور پروگراموں کے ذریعہ ہمیشہ خواتین کو باختیار بنانے کیلئے کام کیا ہیے۔

اِس سے پہلے اپنے 'من کی بات' پروگرام میں جناب مودی نے پورے بھارت کی خواتین کی حوصلہ افزائی کی تھی کہ وہ 'نمو ایپ اوپن فورم' پر اپنی زندگی کے سفر سے متعلق ترغیب فراہم کرنے والی داستانیں بیان کریں۔ x

## PM - NAVSARI

وزیر اعظم نے کہا ہے کہ اُن کی حکومت نے خود کو خواتین کو بااختیار بنانے کیلئے وقف کررکھا ہے۔ آج خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقع پر انہوں نے گجرات میں نوساری میں لکھپتی دیدی سمیلن کے دوران 25 ہزار سے زیادہ ''اپنی مدد آپ کرو'' گروپوں کی ڈھائی لاکھ سے زیادہ خواتین کو 450 کروڑ روپے تقسیم کئے۔ جناب مودی نے پانچ لاکھ خواتین کو لکھپتی دیدی سرٹیفکیٹس سے بھی نوازا۔ اس موقع پر جناب مودی نے گجرات سرکار کے دو پروگراموں G-SAFAL اور G-MAITRI کی بھی شروعات کی۔ اِن دونوں پروگراموں کا مقصد دیہی علاقوں میں رہنے والے انتودیا کنبوں کی روٹی روزی اور دیگر افراد کی آمدنی کو بڑھاوا دینا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات میں Navsari ضلع میں لکھپتی دیدی اسکیم سے فائدہ اٹھانے والی 10 خواتین سے بات چیت کی ہے۔

وزیر اعظم مودی نے ملک بھر میں خواتین کو مالی اعتبار سے بااختیار بنانے اور اُن میں صنعت کاری کے جذبے کو

فروغ دینے کی غرض سے 15 اگست 2023 کو لکھپتی دیدی اسکیم کی شروعات کی تھی۔ اسکیم کے تحت ''اپنی مدد آپ کرو'' گروپ کی خواتین ممبروں کو ، جن کی آمدنی چھوٹی صنعتوں ، مویشیوں کی پرورش اور زراعت سمیت سبھی ذرائع سے کم سے کم ایک لاکھ روپے سالانہ ہے، انہیں لکھپتی دیدی مانا جاتا ہے اور انہیں مالی امداد کے ساتھ ساتھ سرکار کی طرف سے پیشہ ورانہ تربیت بھی دی جاتی ہے۔x

**PM-Mauritius Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی اس مہینے کی گیارہ اور بارہ تاریخ کو ماریشس کا دو روزہ سرکاری دورہ کریں گے۔ وہ ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ بھارت کی دفاعی فورسز کا ایک دستہ اور بھارتی بحریہ کا ایک جہاز بھی ان تقریبات میں حصہ لے گا۔ اپنے دورے کے دوران، جناب مودی ماریشس کے صدر سے ملاقات کرنے جائیں گے۔ وہ وزیراعظم سے بھی ملاقات کریں گے اور ماریشس کی اہم شخصیات اور سیاسی پارٹیوں کے رہنماؤں کے ساتھ میٹنگیں کریں گے۔

وزیراعظم مودی وہاں مقیم بھارت نژاد افراد سے بھی بات چیت کریں گے اور بھارت کی مالی امداد سے تعمیر کردہ، سِول سروس کالج اور ایریا ہیلتھ سینٹر کا افتتاح کریں۔ اس دورے کے دوران بہت سے مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے اس سے پہلے 2015 میں ماریشس کا دورہ کیا تھا۔x

**Jaishankar Northern Ireland**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کَل رات شمالی آئرلینڈ میں Belfast میں بھارت کے قونصل خانے کا افتتاح کیا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اِس قونصل خانے کے کھُل جانے سے بھارتی افراد کو فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ Belfast میں قونصل خانے سے تعلیم ، تجارت ، کاروبار اور ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مزید دو طرفہ تعاون کے امکانات کا پتہ لگایا جاسکے گا۔ وزیر خارجہ نے Belfast میں شمالی آئرلینڈ کی اوّل نائب منسٹر Emma Little Pengelly اور جونیئر منسٹر Aisling Reilly سے بات چیت کی۔ انہوں نے شمالی آئرلینڈ میں خاص طور پر مال کی تیاری ، ہنر مندی ، سائبر اور تکنیکی شعبوں میں بھارت کا تعاون بڑھانے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔ x

**Nadda -Ishta Symposium**

صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے آج اعلان کیا ہے کہ حکومت آئندہ پانچ برسوں کے دوران میڈیکل تعلیم میں 75 ہزار نئی سیٹیں شامل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔

جناب نڈا نے نئی دلّی میں بھارت منڈپم کے مقام پر ہیلتھ ٹیکنالوجی Assesment (IShta)-2025 کے بارے میں ایک بین الاقوامی سمپوزیم کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب نڈا نے اس بات کو بھی اجاگر کیا کہ سال 2014 کے بعد سے ملک میں میڈیکل کالجوں کی تعداد میں 101 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ ثانوی اور متعلقہ حفظان صحت کو مستحکم بنانے کی غرض سے 22 آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز- ایمس کا افتتاح کیا گیا ہے۔X

## Aadhar Data Govt

حکومت نے اس بات کو مشتہر کیا ہے کہ گزشتہ ماہ آدھار کی توثیق پر مبنی تقریباً 225 کروڑ کاروباری اُمور انجام دیئے گئے۔ الیکٹرونکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی- IT کی وزارت نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس سال فروری میں e-KYC کے تقریباً 43 کروڑ امور انجام دیئے گئے، جس سے 14 فیصد سالانہ اضافہ کا اظہار ہوتا ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا کہ اس سال فروری کے آخر تک، آدھار کی توثیق پر مبنی اُمور کی کُل تعداد 14 ہزار کروڑ سے تجاوز کر گئی، جبکہ e-KYC سے متعلق کُل امور کی تعداد دو ہزار کروڑ سے زیادہ ہوچکی ہے۔ آدھار پر مبنی چہرے کی شناخت سے متعلق امور میں بھی مسلسل اضافہ ہورہا ہے، جبکہ گزشتہ ماہ آدھار پر مبنی چہرے کی شناخت سے متعلق تقریباً 13 کروڑ امور انجام دیئے گئے۔×

## Akashawani Women's Day

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ آج ایک منفرد انداز میں خواتین کا عالمی دن منا رہا ہے، جہاں انگریزی اور ہندی خبروں کے تمام بلیٹن خواتین نیوز ریڈرس کے ذریعہ پیش کیے جا رہے ہیں۔ یہ سلسلہ نصف شب سے شروع ہوا اور آج پورا دن جاری رہے گا۔ اس دوران انگریزی اور ہندی میں تمام 45 اہم اور ہر گھنٹے کے بلیٹن نیز نیوز میگزین پروگرام خواتین نیوز ریڈر کے ذریعے پیش کیے جائیں گے۔ آج دن کے وقت آکاشوانی کے خبروں کے شعبے کا خواتین پر مشتمل عملہ، انگریزی اور ہندی میں نیوز روم کا پورا کام کاج سنبھال رہا ہے۔ آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر رات سوا نو بجے سے 10 بجے تک ایک خصوصی پینل مباحثہ نشر کرے گا۔×

## US Canada - Tariffs

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کنیڈا کو ، اُس کی عمارتی لکڑی اور ڈیری مصنوعات پر نیا محصول لگانے کی دھمکی دی ہے۔ وہ کل رات وہائٹ ہاؤس میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ کی ڈیری مصنوعات پر کنیڈا کا محصول 250 فیصد تک پہنچ گیا ہے، جو کہ نامناسب ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ بھی اِسی طرح کا محصول لگائے گا۔

**Cricket-WPL**

خواتین کے کرکٹ پریمئر لیگ میں آج شام لکھنؤ کے Ekana کرکٹ اسٹیڈیم میں دفاعی چیمپئن رائل چیلنجرس بنگلورو، یوپی واریئرس کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ x

**Dubai - ICC Umpires**

کرکٹ میں: کل ICC کی مردوں کی چمپئنز ٹرافی میں بھارت اور نیوزیلینڈ کے درمیان ہونے والے خطابی مقابلے کیلئے دبئی جوش وخروش سے سرشار ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان حال ہی میں ہوئے ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کے پیش نظر، یہ مقابلہ بہت دلچسپ ہونے کی امید ہے، جس میں بھارت کی طاقتور بلے بازی، نیوزیلینڈ کی آزمودہ کار گیند بازی کا سامنا کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ حالانکہ بھارت کو حال ہی میں ہوئے مقابلوں میں سبقت حاصل تھی، پھر بھی دباؤ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی نیوزیلینڈ کی صلاحیت بہت اہمیت کی حامل ہے۔

فائنل میں ICC کے نامور اور تجربہ کار امپائر Richard Illingwroth اور Paul Reiffel امپائرنگ کریں گے۔ سیمی فائنل میں ان دونوں امپائرس کا اہم کردار رہا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆